© rasailojaraid.com



# غزل

(جناب سبتل شاہجہاں پوری)

کیا کہیں دنیا میں کیا ہوتا ہے کیا ہوتا نہیں ... ان سے پوچھو جن کا کوئی آسرا ہوتا نہیں
جادۂ مستی میں ہے اک لغزشِ پا مغتنم ... ہر کس و ناکس سے یہ سجدہ ادا ہوتا نہیں
تم وفاداری کا کب تک ہم سے مانگوگے ثبوت ... کوئی اپنوں سے تو یوں ناآشنا ہوتا نہیں
چشمِ لالہ خوں فشاں، پیراہنِ گل تار تار ... جب بہار آتی ہے گلشن میں تو کیا ہوتا نہیں
اب تجسس کی حدوں سے بھی نکل آیا ہوں میں ... دیکھنا ہے کیسے دیدار آپ کا ہوتا نہیں
رنجشِ بیجا سہی ایک واسطہ قائم تو تھا ... کیا خفا مجھ سے ہوئی جو تو خفا ہوتا نہیں
اب تجھے میں کیا کہوں اے وسعتِ دیر و حرم ... ایک سجدہ بھی بقدرِ شوق ادا ہوتا نہیں

خونِ دل، خونِ جگر، خونِ وفا، خونِ امید
سبتل اُن کی محفلِ رنگیں میں کیا ہوتا نہیں

## دردِ دو عالم اک دلِ انساں

(جناب انور صابری)

عشق مکمل خوابِ پریشاں ... حُسن ہمہ تعبیرِ گریزاں
عشق بہ سیرِ اندازِ تجلّی ... لرزاں لرزاں رقصاں رقصاں
حسن حضورِ اہلِ محبّت ... تمکنت و تقدیسِ پشیماں
عشق برنگ شعلہ و شبنم ... سوزشِ پنہاں اشکِ نمایاں
حُسن شبانِ دلکش و رنگیں ... روحِ گلستاں جانِ بہاراں
قطرہ میں دریا کی سمائی ... دردِ دو عالم اک دلِ انساں

میری نگاہِ شوق میں انور
عشق فسانہ حسن بے عنواں



© rasailojaraid.com